26108-بارش کی دعاء میں امام کے چادر پلٹانے پر دوران خطبہ ہی چادر پلٹائی جائیگی

سوال

میں نے ایک مسجد میں نماز استسقاء سے قبل مشاہدہ کیا کہ ایک طالب علم نے اپنی عباء الٹ پہن رکھی تھی، اور نماز کے بعد میں نے اس کا سبب دریافت کیا، کیونکہ مجھے تو علم تھا کہ چادر یا عباء تو نماز اور خطبہ ختم ہونے کے بعد الٹائی جاتی ہے، تو اس نے جواب دیا :

اس میں کوئی حرج نہیں، میں نے تو نماز سے قبل ہی الٹالی تھی، تا کہ جب میں اسے دوبارہ الٹاؤں تو یہ اچھی شکل میں ہو، جناب والا اس میں آپ کی کیا رائے ہے، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ؟

پسندیدہ جواب

نماز استسقاء کے
متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے وارد شدہ احادیث سے ظاہر تو یہی ہوتا ہے کہ
نماز میں چادر عام حالت میں ہونی چاہیے لیکن جب دوران خطبہ امام اپنی چادر الٹائے
تو اس وقت مقتدیوں کو بھی الٹانی چاہیے.

لیکن چادر یا عباء نماز سے قبل ہی
الٹالی جائے تو ظاہر یہی ہوتا کہ ایسا کرنا غیر مشروع اور سنت کے مخالف ہے.

اللہ تعالی سب کو توفیق سے نوازے.